مغربی بلقان میں محو سفر افراد

مغربی بلقان میں آنے والے لوگوں کو مختلف قسم کے چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جو اکثر پورے خطے میں ہر ملک کے اپنے قوانین اور پالیسیوں سے متاثر ہوتے ہیں۔ کچھ ایک فعال ہجرت کے عمل میں مصروف ہیں، جو مختلف ممالک سے باقاعدہ یا غیر منظم طریقے سے گزر رہے ہیں۔ جبکہ بعض لوگ کسی مخصوص ملک میں موجود ہیں اور وہ مختصر یا درمیانی مدت میں مزید آگے بڑھنے کا ارادہ نہیں رکھتے۔ کچھ افراد سرکاری طور پر رجسٹرڈ ہو سکتے ہیں اور اس وجہ سے وہ قانونی طور پر کسی بھی ملک میں مقیم ہو سکتے ہیں، جبکہ کچھ لوگوں نے ملکی حکام کے سامنے اپنی موجودگی کا اندراج نہیں کروایا ہو گا اور اس وجہ سے وہ ملک میں غیر قانونی طور پر قیام پذیر تصور کیے جاتے ہوں گے۔ یہ حالات اور ان کی انتظامی حیثیت میں موجود فرق ان کی سلامتی اور مجموعی بہبود پر بہت گہرا اثر ڈالتے ہیں، لہٰذا اسی بناء پر، تمام مرد، خواتین اور بچے خطے میں نقل و حرکت کے دوران کئی اہم چیلنجوں کا سامنا کرتے ہیں، اور ان کی کئی ایسی ضروریات ہیں جن کے حل تلاش کیے جا سکتے ہیں۔

WeBSafe ایپ آپ کو اس زبان میں متعلقہ معلومات فراہم کرے گی جسے آپ اپنی مخصوص صورتحال یا انتظامی حیثیت سے قطع نظر سمجھ سکتے ہیں اور آپ کو درکار تعاون اور مدد تک رسائی کے قابل بنائے گی۔



WeBSafe، ایک سفری ساتھی جو نقل مکانی کو محفوظ تر بناتا ہے۔

انسانوں کی اسمگلنگ سمیت راستوں پر موجود دیگر خطرات سے آگاہ رہیں!

نقل و حرکت کے دوران لوگوں کی مختلف ضروریات ہوتی ہیں اور بعض اوقات وہ دوسروں کے مقابلے میں زیادہ کمزور ہو سکتے ہیں، خاص طور پر جب وہ کسی ملک کی زبان نہ سمجھتے ہوں۔ کچھ لوگ اس کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے، مہاجرین کا مختلف مقاصد کے لیے استحصال کرتے ہیں جیسے:

- ✔ جبری مشقت لینا: اکثر لوگ انہیں زیادہ گھنٹوں تک کام کرنے پر مجبور کر تے ہیں، انہیں دوسروں سے کم معاوضہ دیتے ہیں اور اگر وہ چھوڑنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو انہیں دھمکیاں دی جاتی ہیں
- ✔ جرائم کا ارتکاب کرنا: انہیں غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے پر مجبور کیا جاتا ہے، جیسے بھیک مانگنا جو کچھ ممالک میں منع ہے یا غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے میں دوسرے لوگوں کی مدد کرنا۔
- ✔ جنسی استحصال کرنا: عورتوں اور لڑکیوں کے ساتھ ساتھ بعض اوقات مردوں اور لڑکوں کو بھی زبر دستی جسم فروشی کے لیے مجبور کر کیا جاتا ہے یا ان کے ساتھ جنسی زیادتی کی جاتی ہے۔

آپ کی ذاتی ضروریات کے مطابق معاونت اور مدد

خطے میں نقل و حرکت کرنے والے لوگ مختلف ثقافتوں کے حامل ہیں اور مختلف ممالک سے آتے ہیں اور مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ پھر بھی، وہ اکثر خود کو ایسے حالات میں پاتے ہیں جن میں انہیں معاونت یا مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر آپ بیمار ہو گئے ہوں اور آپ کو فوری طبی امداد کی ضرورت ہو، خوراک اور رہائش حاصل کرنے کی ضرورت ہو؛ اگر آپ کو سماجی تحفظ کی ضرورت ہو؛ اگر آپ کو اپنے یا اپنے بچوں (یا دوسرے بچے جن کے لیے آپ فکر مند ہیں) کی حفاظت کا خوف اور خطرہ ہو؛ اگر لوگ آپ کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہوں اور آپ کو تحفظ کی ضرورت ہو؛ اگر آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہو اور آپ اپنے حقوق کے بارے میں خود کو آگاہ کرنا چاہتے ہوں، تو ان تمام صورتوں میں ایک قابل وکیل کی مدد سے آپ کی معانت کے لیے ہمارے پاس مختلف خدمات موجود ہیں،

WeBSafe ایپ آپ کو اس بات کی نشاندہی کرنے میں رہنمائی فراہم کرے گی کہ آپ کو کس سروس کی ضرورت ہے اور آپ کو اس سروس سے رابطہ کرنے کے بارے میں تازہ ترین معلومات فراہم کرے گی، یہ سب کچھ اس زبان میں ہو گا جسے آپ آسانی سمجھ سکتے ہیں۔